سوال

اذان کے جواب دینے کا حکم

جواب

سوال : السلام علیکم اس عربی لفظ کا ترجمہ بتائے : لاحول ولاقوہ اللہ باللہ علی عظیم اور جب اذان دی جاتی ہے توجب موزن حی علی الصلوۃ۔ حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح۔ حی علی الفلاح کہتا ہے تو ہمیں تو ہمیں لاحول ولاقوہ اللہ باللہ علی عظیم پورا کہنا چاہیے یا صر

جواب :

1۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ

درحقیقت عاجزی وانکساری کا کلمہ ہے جس کا معنی یہ ہے
کہ نہیں ہے کسی قسم کی قوت اور طاقت مگر اللہ کی مدد سے۔
یعنی میں اللہ کی مدد اور نصرت کے بغیر کوئی کام بھی کرنے کی طاقت، ہمت اور قوت نہیں رکھتا ہوں۔
۲۔ موذن کے جواب میں لاحول ولاقوۃ الا باللہ کہے۔ ایک روایت کے الفاظ ہیں :

فعن حفص بن عاصم بن عمر بن الخطاب عن أبيه عن جده عمر بن الخطاب قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : (إذا قال المؤذن الله أكبر الله أكبر فقال أحدكم الله أكبر الله أكبر ثم قال أشهد أن لا إله إلا الله قال أشهد أن لا إله إلا الله ثم قال أشهد أن محمدا رسول الله قال أشهد أن محمدا رسول الله ثم قال حي على الصلاة قال لا حول ولا قوة إلا بالله ثم قال حي على الفلاح قال لا حول ولا قوة إلا بالله ثم قال الله أكبر الله أكبر قال الله أكبر الله أكبر ثم قال لا إله إلا الله قال لا إله إلا الله من قلبه دخل الجنة) رواه مسلم في صحيحه/578، وأبو داود في سننه/443.